22-Jun-10

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ جیسے اداروں کی قوم کو شدید ضرورت ہے اور ایسے بے غرض لوگوں کو آگے آنا ہوگا! انوار احمد زئی

چیئر مین انٹرمیڈیٹ بورڈ آف ایجوکیشن کراچی، جناب انوار احمد زئی نے کہا ہے کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ میں آکر یہ محسوس ہوا کہ ادارہ کسے کہتے ہیں اور بے غرض و بے لوث کام کرنے والے افراد کس انداز میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اداروں کو آگے آنا ہوگا تاکہ تعلیم کی کمزوری کو دور کیا جاسکے اور عملی میدان میں خدمات انجام دی جائیں۔ یہ بات انہوں نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے 3 سو طلباء و طالبات کو ایک سال کی فیس بذریعہ چیک دینے کی تقریب کے پہلے مرحلہ سے جس میں 100 عدد طالبعلموں کو چیک تقسیم کیے گئے، خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے اگر اس فرض کی تعمیل خوشدلی سے کی جائے تو یہ احسان کا درجہ اختیار کرلیتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں نظریات کی حفاظت کرنی ہوگی اور مضبوط نظریے صرف مدارس اور اسکول ہی پیدا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انسانیت کو جوڑنے کا کام کررہا ہے۔ تقریب سے ماہر تعلیم اور جنرل سیکریٹری ایسوسی ایشن آف ریکگنائزڈ سیکنڈری اسکولز کراچی جناب سلطان مسعود شیخ نے خطاب کیا اور کہا کہ خدمت سے زیادہ خدا کو کوئی عمل محبوب نہیں اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کا شمار صف اول کے خدمت کرنے والے اداروں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے والدین کو تلقین کی کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی اس اعانت کے بعد اِن کا فرض ہے کہ صحتمند تعلیم و تربیت کو پروان چڑھائیں اور نقل کی لعنت سے اپنے بچوں کو محفوظ رکھیں۔

جوائنٹ سیکریٹری جنرل شکیل دہلوی نے مہمانانِ گرامی کو تعلیمی میدان میں خدمات کے حوالے سے بریفنگ دی اور بتایا کہ ادارے نے تقریباً 40 لاکھ روپے سے زیادہ کی اسکول فیسوں کی ادائیگی کی ہے اور یہ کام ابھی جاری ہے۔ تقریب میں سیکریٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، حیدرآباد معین صدیقی، سید ذاکر علی جعفری اور اراکین بورڈ آف ٹرسٹیز نے بھی شرکت کی۔ بعدازاں مہمانان گرامی نے تقریباً 100 طلباء و طالبات کو اسکول فیس کے چیک تقسیم کیے اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا۔ پروگرام کے اختتام پر چیئرمین عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

#